# ہانگ کانگ ڈیزائن سینٹر ڈیزائن انکوبیشن پروگرام

**اہلیت**

1. کیا آپ ڈیزائنر ہیں؟
2. کیا آپ ہانگ کانگ میں ایک رجسٹرشدہ کاروباری کمپنی کے حامل ہیں یا آپ جلد ہی کوئی ایسی کمپنی بنانے کا ارادہ رکھتے ہیں؟
3. کیا آپ کے ساتھ کوئی اور شراکت دار/کل وقتی عملہ ہے جو اس کاروبار میں آپ کے ساتھ کام کرسکے؟
4. کیا آپ کے پاس معقول رقم موجود ہے یا آپ اگلے دوسالوں یا اس سے زائد عرصہ کے لیے اپنے کاروبار کو برقرار رکھنے کی منصوبہ بندی رکھتے ہیں؟
5. کیا آپ ڈیزائننگ کے شعبہ میں ایک نیا منصوبہ/پروڈکٹ تیار کرنے کے لیے جذبہ اور لگن رکھتے ہیں؟

اگر ان تمام سوالات کے جوابات آپ نے **جی ہاں** میں دیئے ہیں تو آپ کو مبارک ہو**!** آپ بلاشبہ ڈیزائن انکوبیشن پروگرام (Design Incubation Programme) کے لیے اہل ہیں۔

**داخلہ کے لیے ضروری شرائط**

1. درخواست گزار کے لیے ضروری ہے کہ اس کی درخواست گزار کی کمپنی ہانگ کانگ میں ایک کاروباری کمپنی کے طور پر رجسٹر شدہ ہو (یعنی اسے درخواست دینے کی تاریخ تک ہانگ کانگ میں قائم ہوئے تین برس سے زائد کا عرصہ نہ ہوا ہو)، اور ابھی بھی اپنے ابتدائی مرحلہ میں ہو اور اسے مالیاتی اور پیشہ ورانہ معاونت کی بہت زیادہ ضرور ت ہو۔
2. مقامی درخواست کے لیے ضروری ہے کہ درخواست گزار ہانگ کانگ کا مستقل رہائشی ہو۔ سمندر پار (غیر ملکی) درخواستوں کے لیے ضروری ہے کہ درخواست گزار کے پاس سمندر پار رجسٹرشدہ کمپنی ہو ،جسے درخواست دینے کی تاریخ تک رجسٹر ہوئے تین برس سے زائد کا عرصہ نہ ہوا ہو۔ درخواست کے منظور ہونے کے بعد درخواست گزار کے لیے ضروری ہوگا کہ وہ پروگرام کے آغاز کا اہل ہونے کے لیے ہانگ کانگ میں رجسٹر شدہ کمپنی قائم کرے۔
3. عمومی طور پر درخواست گزار سے یہی توقع کی جاتی ہے کہ اسے داخلہ کے وقت دفتر کے لیے 350مربع فٹ سے کم جگہ کی ضرورت ہوگی۔
4. درخواست گزار (کمپنی) کا شیئر ہولڈر یا حصہ دار DIP یا فیشن انکوبیشن پروگرامFIP) یا حکومت کی جانب سے رقم حاصل کرنے والے دیگر انکوبیشن پروگرام میں فی الوقت داخل یا پروگرام مکمل کرنے والی کمپنی میں شیئر ہولڈر یا حصہ دار نہیں ہونا چاہیئے۔
5. درخواست گزار کمپنی کے لیے ضروری ہے کہ درخواست جمع کروانے کی تاریخ پر اس کے پاس ہانگ کانگ کے رہائشی عملے کے دو کل وقتی ارکان( بشمول درخواست گزار) موجود ہوں ؛ اور
   - i. ان میں سے کم ازکم ایک رکن اہم شیئر ہولڈر اور ڈیزائننگ کے تسلیم شدہ شعبہ میں ڈیزائنر ہونا چاہیئے؛
   - ii. کل وقتی ڈیزائنر/ڈیزائنر کی شیئر ہولڈنگ شرح یا سود کا مجموعہ اکثریت میں ہونا چاہیئے؛ اور
   - iii. عملے کے تمام ارکان لازمی طور پر ہانگ کانگ میں قانونی طریقے سے کام کرسکتے ہوں۔

**داخلہ کی معیاری شرائط (Qualitative Admission Requirements)**

1. اختراع اور تخلیقی صلاحیت ؛
2. بزنس ماڈل اور تجارتی پیمانےپر اس کی اہلیت ؛
3. سرمایہ کا ماڈل اور مالی لحاظ سے قابل عمل ہونا؛
4. درخواست گزار کا پس منظر اور متعلقہ طاقت؛

5. منیجمنٹ ٹیم (انتظامی امور سنبھالنے والی ٹیم) ؛
6. ڈیزائن ایڈمشن پینل (Design Admission Panel) میں پریزنٹیشن؛
7. سماجی /کمیونٹی پر مرتب ہونے والے اثرات ؛
8. درخواست گزار اور ٹیم کی جانب سےڈیزائننگ کے کاروبار کو کامیابی سے چلانے والے اور وسائل کے حامل ڈیزائنر بننے کا عزم/وابستگی؛ اور
9. مالیاتی اور پیشہ ورانہ معاونت کی ضروریات۔

**درخواست کا طریقہ کار**

1. مکمل شدہ درخواست کی دستاویز کو بذریعہ ای میل یا پھر آن لائن جمع کروائیں۔
2. ڈیزائن انکوبیشن پروگرام سیکریٹریٹ کی جانب سے (درخواست ) کی جانچ اور انٹرویو کا انعقاد
3. ڈیزائن انکوبیشن پروگرام سیکریٹریٹ کے ساتھ مکمل دستاویزی تیاری کے ساتھ میٹنگ کا انعقاد، جس میں کمپنی کی رجسٹریشن کے حوالے سے تمام اصل دستاویزات ، شیئر ہولڈرز (شراکت داروں) اور کل وقتی عملے کا تعلیمی پس منظر اور تجربے کا جائزہ بھی لیا جائے گا۔
4. ایڈمشن پینل میٹنگ (Admission Panel Meeting) میں پریزنٹیشن
5. داخلہ کا نتیجہ

- تمام درخواستوں پر عمل سخت رازداری کے ساتھ کیا جائے گا۔
- مزید جانچ سے پہلے ایک درخواست HKDC کی جانب سے وقتاً فوقتاً بیان کیے گئے ضروری معیار پر لازماً پورا اترنا چاہیئے۔

**درخواست کس طرح جمع کروائی جائے گی**

براہِ مہربانی آن لائن درخواست دیں یا مزید عمل درآمد کے لیے اپنے مکمل شدہ فارم اور معلومات کو dip@hkdesigncentre.org پر جمع کروائیں۔

آن لائن درخواست کے لیے: بہتر ڈسپلے کے لیے آن لائن درخواست ایسی سکرین پر پُر کریں جس کی ریزولوُشَن 1024X768ppi ہو۔

**اکثر پوچھے جانے والے سوالات**

1. DIP میں داخلہ کے لیے اس وقت کیا ٹائم شیڈول ہے؟

شیڈول برائے 2019

- درخواست جمع کروانا: اب جاری ہے
- ایڈمشن پینل میٹنگز: ابھی تصدیق ہونی ہے
- نتیجہ کا اعلان: ابھی تصدیق ہونی ہے

براہِ مہربانی مستقبل میں ریکروٹمنٹ سے متعلق آگاہ رہنے کے لیے DIP کی ویب سائٹ اور فیس بک کا صفحہ ملاحظہ کرتے رہیں۔

•

**2. DIP کی جانب سے کیا پیش کش ہوگی؟**

a) دفتر میں استعمال کے لیے زیادہ سے زیادہ 240,000 ہانگ کانگ ڈالرز: دفتر کی جگہ کے لیے پہلے سال کوئی کرایہ وصول نہیں کیا جائے گا ؛ اور دوسرے برس کے لیے کرایہ میں رعایت دی جائے گی
b) مالی معاونت کی مد میں زیادہ سے زیادہ 260,000ہانگ کانگ ڈالر: کاروباری سرگرمی، مارکیٹنگ(تشہیر) اور اس کا فروغ
c) بزنس سینٹر اسسٹنس (Business Centre Assistance)
d) بزنس نالج اِنرچمنٹ پروگرامز (Business Knowledge Enrichment Programme)
e) منٹرشپ پروگرامز
f) بزنس آؤٹ رِیچنگ پروگرامز

•

**3. DIP III میں کتنی کمپنیاں/کاروباری افراد کو داخلہ دیا جائے گا؟ کن شعبہ جات میں داخلہ دیا جائے گا؟**

•

90کمپنیاں/کاروباری افراد (بشمول فیشن ڈیزائن، برانڈنگ/پیکجنگ ، پروڈکٹ ڈیزائن، بصری/سپیشل آرٹس، اِنٹیریئر/ آرکی ٹیکچر، جیولری ڈیزائن/میڈیا اینڈ کمیونیکیشن اور ڈیزائننگ کے دیگر شعبہ جات)

**4. DIP کے موجودہ مقامات کیا ہوں گے؟**

DIP CITA Centre
6/F Clothing Industry Training Authority
63 Tai Yip Street, Kowloon Bay
ٹیلی فون: 37938418

DIP Wong Chuk Hang Centre
10/F, 41 Heung Yip Road
Wong Chuk Hang
ٹیلی فون: 37938420

•

**5. درخواست دینے اور انتخاب کا طریقہ کار کیا ہے؟**

درخواست جمع کروانا> وٹنگ (احتیاط کے ساتھ جائزہ لینا)> DIPسیکریٹریٹ کے ساتھ مکمل دستاویزی تیاری کے ساتھ میٹنگ> پریزنٹیشن> نتائج کا اعلان> DIPلائسنس پر دستخط> کاروبار کا آغاز کرنا

•

**6. فیصلہ سازی کرنے والے پینل کے ممبران کون ہیں؟**

پینل کی صدارت HKDC کے نمائندہ کی جانب سے کی جائے گی (پینل چیئرمین) اور ممبران کا انتخاب درج ذیل سے کیا جائے گا:

a) ڈیزائننگ کے پیشہ ورانہ اداروں کے ایگزیکٹو کمیٹی ممبران؛
b) ہانگ کانگ پولی ٹیکنک یونیورسٹی (مثال کے طور پر سکول آف ڈیزائن یا انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکسٹائل اینڈ کلاتھنگ وغیرہ)؛
c) ہانگ کانگ ڈیزائن انسٹی ٹیوٹ؛
d) ڈیزائننگ کے دیگر ادارے/اچھی شہرت کے حامل ڈیزائنرز ؛
e) کاروباری/صنعتی کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے افراد/سرمایہ کار
f) کاروباری تعلیم کا شعبہ/ عام افراد؛ اور

g) چھوٹے اور درمیانے درجہ کے ادارے/ایسوسی ایشنز ۔

•

**7. درخواست گزار کمپنی کو کس طرح کا مواد تیار کرنا ہوگا؟**

A. مکمل شدہ دستاویزات کو DIP سیکریٹریٹ کو ای میل کرنا

1. DIP درخواست فارم
2. DIPدرخواست فارم۔ CVفارم (ایک فارم ٹیم کے صرف ایک رکن کے لیے)
3. درخواست کے لیے نامزد کرنے والے فرد کی جانب سے نامزدگی فارم (Nomination Form)

فارم یہاں سے ڈاؤن لوڈ کیے جاسکتے ہیں۔ مکمل شدہ تمام فارم تصدیق کی غرض سے dip@hkdesigncentre.org پر ای میل کرنے ہوں گے۔

B. فُل ٹیم ممبرز کے ہمراہ مکمل دستاویزی تیاری کے ساتھ میٹنگ میں شرکت کریں

DIPسیکریٹریٹ کی جانب سے حصہ (A) کی تصدیق کے بعد، ٹیم کے تمام ارکان مقررہ وقت پر DIP سیکریٹریٹ کے ساتھ مکمل دستایزی تیاری کے ساتھ میٹنگ کریں گے اور ان کو درج ذیل دستاویزات پیش کرنی ہوں گی:

4. ٹیم کے ہر رکن کی ہانگ کانگ کے شناختی کارڈ کی اصل نقل
5. ہانگ کانگ بزنس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی اصل نقل
6. لمیٹڈ کمپنی کی صورت میں: سرٹیفکیٹ آف ان کارپوریشن، میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، NC1یا AR1فارم کی اصل نقول؛ یا

اَن لمیٹڈ کمپنی کی صورت میں: فارم 1 (c)(برائے شراکت داری)* ، یا فارم 1 (a) (سول پروپرائیٹرشپ)* کی اصل نقل

7. تعلیمی اسناد اور ملازمت کے ریکارڈ کی اصل نقول

*ان لینڈ ریوینیو ڈپارٹمنٹ (Inlad Revenue Department) سے حاصل کیے جاسکتے ہیں

C. درج ذیل دستاویزات ڈیزائن ایڈمشن پینل میٹنگ سے دو ہفتے پہلے جمع کروائیں

8. درخواست گزاراور/یا دیگر ڈیزائنرز کے ڈیزائن پورٹ فولیو زجیسا کہ تصاویر، خاکے ، آرٹ کے نمونے وغیرہ کی آٹھ نقول (A4سائز میں)۔ ڈیزائن پورٹ فولیو ایک ڈیزائنر کے طالب علم /فری لانسر کے طور پر کام کرنے کے وقت کے ہونے چاہیئں یا اس کی موجودہ یا سابقہ ملازمت سے ہونے چاہیئں اور ان کی تصاویر واضح ہونی چاہیئں۔
9. ایک پریزنٹیشن (ترجیحی طور پر PPTیا PDF فائل فارمیٹ میں) جو ایڈمشن پینل میٹنگ میں 15دن کے لیے دکھائی جائے گی۔ جس میں درخواست گزار کی کاروباری حکمت عملی، پس منظر، اس کےاہم ڈیزائنرز کے ڈیزائن پورٹ فولیو اور ڈیزائن انکوبیشن پروگرام میں شمولیت کی وجہ وغیرہ پر روشنی ڈالی جائے گی۔

•

**8. فیصلہ سازی کرنے والے پینل کو دی جانے والی پریزنٹیشن کون سی زبان ہونی چاہیئے؟**

کوئی حد بند ی نہیں ( کینٹونیز (چینی زبان کا ایک لہجہ جو ہانگ کانگ میں بولاجاتا ہے)، انگریزی یا مینڈارِن (چینی زبان کا ایک لہجہ جو بیجنگ اور چین کے باقی حصہ میں بولا جاتا ہے)

•

**9. میرا نامزد کنندہ کون ہوسکتا ہے؟**

اس بارے میں کوئی حد بندی نہیں کہ آپ کا نامزد کنندہ کون ہوگا ، تاہم آپ کے قریبی رشتہ داروں کو اس ضمن میں ترجیح نہیں دی جاتی۔ ترجیحی طور پر ایک نامزد کنندہ کو ڈیزائن ، سرمایہ کاری، کاروباروں کو چلانے اور /یا سنبھالنے کا تجربہ ہونا چاہیئے۔

•

**10. کیاDIP درخواست کی مد میں کوئی فیس وصول کی جاتی ہے؟**

جی نہیں۔

•

**11. کیا غیر ملکی ڈیزائنرز DIP کے لیے درخواست دے سکتے ہیں؟**

جی ہاں۔ براہِ مہربانی حصہ داخلہ کی اہم شرائط ملاحظہ فرمائیں

•

**12. کیا کوئی انکیوبیٹی (ایسا کاروبار/کمپنی جو DIP میں داخل ہو) کسی دوسرے سرکاری محکمہ (مثال کے طور پر SMEفنڈ، پولیو مائیکرو فنڈ) سے رقم کے لیے درخواست دے سکتا ہے؟**

جی ہاں۔ DIP میں داخلے کے بعد اِنکیوبیٹیز کو آزادی حاصل ہے کہ جب تک DIP قوانین وضوابط پر عمل ہوتا ہے، تب تک وہ اپنے رقم کے ذرائع تلاش کرسکتا ہے۔

•

**13. میرے پورٹ فولیو میں پروڈکٹ/منصوبہ کی کون سی معلومات کی ضرورت ہوتی ہے؟**

پینل ممبران کے ہاں جمع کروائے جانے والے پورٹ فولیو میں ذاتی پورٹ فولیوز/سابقہ کام کے پورٹ فولیوز/دیگر کمپنیوں کے لیے کیے گئے کام کے پورٹ فولیو کو شامل کیا جاسکتا ہے۔ تاہم، اپنے مکمل ذاتی کام کو واضح طور پر بیان کرنا چاہیئے، تاکہ نہ تو دوسرے لوگوں کے کام کی خلاف ورزی اور نہ ہی دوسروں کی تخلیقی پراپرٹی کو اپنے نام سے منسوب کیا جائے۔

•

**14. ریوینیو/مارکیٹنگ پلان(منصوبہ برائے تشہیر/سرمایہ) میں مجھے کیا شامل کرنا چاہیئے؟**

دو سالہ انکیوبیشن پیریڈ میں موزوں منصوبہ۔

•

**15. میں اپنی درخواست کس طرح جمع کرواسکتا /سکتی ہوں؟**

آپ آن لائن درخواست جمع کرواسکتے/سکتی ہیں یا مکمل شدہ فارم DIP کو ای میل کرسکتے/سکتی ہیں۔ مکمل معلومات وصول ہونے کے بعد DIPسیکریٹریٹ ہر اہل درخواست کو کامیابی سے تکمیل تک پہنچائے گی۔

•

**16. کو ورکنگ سپیسز (یعنی ایسی جگہیں جہاں مختلف کاروباری افراد مل کر کام کرتے ہیں) اور انکیوبیشن رُومز کے درمیان کیا فرق ہے؟ کیا میری کمپنی پہلے کو ورکنگ کے لیے درخواست دے کر بعد میں انکیوبیشن روم میں منتقل ہوسکتی ہے؟**

مل کر کام کرنے والے انکیوبیٹیز،ایک انکیوبیشن روم میں کام کرنے کے بجائے  ایک کھلی جگہ پر مقررہ ڈیسک پر کام کریں گے ۔ جگہ اور مقام میں تبدیلی کا انحصار انکیوبیٹیز کی کارکردگی، جگہ/کمرہ کی دستیابی اور پینل کے ممبران کی جانب سے حتمی منظوری پر ہوتا ہے۔

- 

**17. <u>میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کرسکتا /سکتی ہوں؟</u>**

ای میل: dip@hkdesigncentre.org

فون نمبر: 8418 3793 852+